© rasailojaraid.com



# وجدانیات

از : مولانا الحاج عبدالکریم صابرؔ (ڈیرہ اسمٰعیل خاں)

آج ملتان میں جو دارِ بنی ہاشم ہے
اس کا جو فرد ہے اخیارِ بنی ہاشم ہے
ایک سے ایک ہی ابرارِ بنی ہاشم ہے
گویا اِک مرکزِ احرارِ بنی ہاشم ہے

سب ہیں فاضل بھی، مُدبّر بھی مقررِ اعظم
باپ کی شان کے وارث ہیں مفکرِ اعظم

میم منعمؔ کی محبت سے ہے معمور ہوئی
میم محسنؔ کی مروت سے ہے مسرور ہوئی
میم مومنؔ کی متانت سے ہے مخمور ہوئی
میم اک خاص مدینہ میں ہے منظور ہوئی

حق تعالےٰ کے عطا کو یہ عطا کردہ ہیں
اللہ اللہ بہرِ طور عطا وردہ ہیں

دُور اندیش ہیں تقریر ہے تحریر عجیب
دِلرُبا دلکش و دِلدار بھی ہیں سب کے حبیب
اہلِ انصاف کے ذی فہم کے ہیں دل کے قریب
خوب حق گو بھی ہیں اور ختمِ نبوت کے نقیب

اس سے بڑھ کر ہو ترقی کی طرف ان کا قدم
صابرِؔ خستہ پہ بھی ان کی رہے نظرِ کرم

© rasailojaraid.com